ilmkidunya

علم کی دنیا

Sociology - FA Part 1 Sociology Chapter 5 Short Questions Preparation

Q1. ثانوی گروہ کی دو خصوصیات لکھیں.

Ans 1: 1.ثانوی گروہ کے تعلقات غیر شخصی محدود اور خاص مقصد کے حصول کے لیے واقع پذیر ہوتے ہیں.

Q2. سندھی ثقافت کی دو مشہور دینی شخصیات کا نام لکھیں.

Ans 1: 1.شاہ عبدالطیف بھٹائی(رح) 2.شہباز قلندر سہیون شریف

Q3. لوک کہانی سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: قدیم دور کی رومانوی،ثقافتی کہاوتوں اور مشہور واقعات کو لوک کہانی کہتے ہیں.

Q4. رکنیتی گروہ سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: رکنیتی گروہ سے مراد وہ گروہ ہے جس میں شامل ہونے والے افراد اس گروہ کے باقاعدہ رکن ہوں یعنی وہ کسی ضابطے یا اصول کے تحت اس گروہ میں شامل ہوئے ہوں.

Q5. مقامی گروہ سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: مقامی یا اقلیتی گروہ سے مراد وہ گروہ ہے جو ایک خاص علاقے میں آباد ہو،ایک گلی کے باشندے اور ایک بستی کے لوگ مقامی گروہ بناتے ہیں.

Q6. معاشرتی گروہ کی تعریف کریں.

Ans 1: "معاشرتی گروہ سے مراد دو یا دو سے زیادہ وہ افراد ہیں جن کی توجہ کوئی مشترک چیز ہو،جو ایک دوسرے کو ذہنی یا جسمانی طور پر متاثر کرتے ہیں جن کی ہمدردیاں مشترک ہوں اور جو یکساں افعال میں شرکت کرتے ہوں"

Q7. رسمی گروہ سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: رسمی گروہ وہ ہے جس میں شرکت کےلیے ارکان پر قانون و ضوابط عائد ہوتے ہوں اور شرائط بھی مقرر ہوں،نیز گروہ سے خارج ہونے کے لیے کوئی قانون موجود،رکنیت کے لیے شرائط ہوں جیسے ڈاکٹروں اور انجینئروں کی انجمنیں بھی شامل ہیں.

Q8. مقامی گروہ سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: ایسا گروہ جس کی جعرافیائی حدود متعین ہو مقامی گروہ کہلاتا ہے.

Q9. غیررسمی گروہ کی کوئی خصوصیت لکھیں.

Ans 1: غیر رسمی گروہ کی دو خصوصیات درج ذیل ہیں. 1.غیر رسمی گروہ میں شرکت کے لیے کوئی تحریری قوائد و ضوابط نہیں ہوتے بلکہ جب چاہے اس گروہ میں شامل ہو جائے اور جب چاہے اس سےعلیحدہ ہو جائے.

Q10. معاشرتی گروہ کی اقسام لکھیں.

Ans 1: 1.ابتدائی گروہ 2.ثانوی گروہ